# اٹک ریفائنری لمیٹڈ

ARL

# سالانہ اجلاس عام کا نوٹس

بذریعہ نوٹس ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ کمپنی کا اکتالیسواں (۴۱واں) سالانہ اجلاس عام ۱۷ستمبر ۲۰۱۹ بروز منگل دن ۱۱:۳۰ بجے اٹک ہاؤس، مورگاہ، راولپنڈی میں منعقد ہوگا، جس میں درج ذیل اُمور پر غور کیا جائے گا:

## عام امور:

۱۔ ۲۵ستمبر ۲۰۱۸ کو منعقد ہونے والے چالیسویں (۴۰ویں) سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق۔

۲۔ ۳۰ جون ۲۰۱۹ کو ختم ہونے والے سال کے لئے ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کے ساتھ کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی حسابات کو وصول کرنا، اُن پر غور کرنا اور اُن کی منظوری دینا۔

۳۔ ۳۰ جون ۲۰۲۰ کو ختم ہونے والے سال کے لئے آڈیٹرز کا تقرر کرنا اور ان کا معاوضہ طے کرنا۔

۴۔ اجلاس میں پیش کئے جانے والے دیگر اُمور کو چیئرمین کی اجازت سے نمٹانا۔

رجسٹرڈ آفس: — بحکم بورڈ

دی ریفائنری — -Sd/-

مورگاہ، راولپنڈی — سیف الرحمٰن مرزا

۱۷اگست ۲۰۱۹ — کمپنی سیکرٹری

## نوٹ:

i۔ رکن اجلاس میں شرکت اور ووٹ ڈالنے کے لئے اپنی جگہ کوئی نیابت دار مقرر کر سکتا ہے۔ نیابت داریاں مؤثر بنانے کیلئے دستخط اور مہر کے ساتھ اجلاس کے وقت سے ۴۸ گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہو جانی چاہئیں۔

ii۔ افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز اور/یا اشخاص جن کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ریگولیشنز کے مطابق اُن کی رجسٹریشن کی تفصیلات اَپ لوڈ کی جاتی ہیں، کو چاہئے کہ وہ اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کو یقینی بنائیں۔

iii۔ کارپوریٹ اداروں کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ مع نامزدگان کے دستخط کا نمونہ (اگر پیشگی مہیا نہیں کیا گیا)، اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوگا۔

## نیابت داروں کی تقرری کے لئے:

i۔ افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز اور/یا اشخاص جن کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ریگولیشنز کے مطابق اُن کی رجسٹریشن کی تفصیلات اَپ لوڈ کی جاتی ہیں مندرجہ بالا تقاضوں کے مطابق نیابت داری کا فارم مہیا کریں۔

ii۔ نیابت داری فارم پر دو گواہان کے نام و پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر درج ہوں گے۔

iii۔ نیابت دار مقرر کرنے والا اور نیابت دار مقرر ہونے والا دونوں کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں نیابت داری فارم کے ہمراہ مہیا کرنا ہوں گی۔

iv۔ نیابت دار مقرر ہونے والے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ اجلاس کے وقت دکھائیں گے۔

v۔ کارپوریٹ اداروں کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / مختار نامہ مع نامزدگان کے دستخط کا نمونہ (اگر پیشگی مہیا نہیں کیا گیا) جو کارپوریٹ ادارے کی جانب سے پیش ہوگا اور وہ ووٹ دے گا مع نیابت داری فارم کمپنی کو فراہم کرنا ہوگا۔

## کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر /قومی ٹیکس نمبر:

وقتاً فوقتاً جاری کردہ ریگولیٹری ہدایات کی تعمیل میں، ممبران جنہوں نے ابھی تک اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) نمبرز اور/ یا نیشنل ٹیکس نمبرز (این ٹی این)، جیسی صورتحال بھی ہو، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ جلد از جلد درج ذیل ہدایت کے مطابق اپنے موثر سی این آئی سی اور/ یا این ٹی این سرٹیفکیٹس کی کاپیاں فراہم کریں۔

☆ فزیکل شکل میں کمپنی کے حصص رکھنے والے حصص داروں سے گزارش ہے کہ مذکورہ بالا معلومات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو جمع کروائیں۔

☆ حصص سینٹرل ڈیپازیٹری نظام میں رکھنے والے حصص داران مذکورہ بالا معلومات براہ راست متعلقہ شراکت دار/سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کے پاس جمع کروائیں۔

## فائلر اور نان فائلر کیلئے انکم ٹیکس کی کٹوتی:

یکم جولائی ۲۰۱۹ سے انکم ٹیکس آرڈیننس ۲۰۰۱ کی شق ۱۵۰ کے تحت ادا کردہ منافع کی رقم 'اگر کوئی ہو' انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرح درج ذیل ہوگی۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | انکم ٹیکس کٹوتی کی شرح، جن افراد کے نام فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست میں شامل ہیں | ۱۵فیصد |
| ۲۔ | انکم ٹیکس کٹوتی کی شرح، جن افراد کے نام فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست میں شامل نہیں ہیں | ۳۰فیصد |

مشترکہ اکاؤنٹ کی صورت میں ہر اکاؤنٹ ہولڈر کو انفرادی حیثیت میں زیرغور لایا جائے گا کہ اس کا نام فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست میں شامل ہے یا نہیں اور ہر حصہ دار کی حصص داری کی بنیاد پر ٹیکس کٹوتی کی جائے گی جیسا کہ حصص دار نے تحریری طور پر درج ذیل تفصیل کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو دی ہوگی یا اطلاع نامہ نہ ہونے کی صورت میں ہر مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈر کے حصص برابر تصور کئے جائیں گے۔

| کمپنی کا نام | فولیو / سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | کل شیئرز | اصل شیئر ہولڈر | | مشترکہ شیئر ہولڈر | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | نام اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | شیئرز کا تناسب (شیئرز کی تعداد) | نام اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | شیئرز کا تناسب (شیئرز کی تعداد) |
| | | | | | | |
| | | | | | | |

اَب کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ / این ٹی این نمبر لازمی ہے اور ٹیکس سٹیٹس معلوم کرنے کے لئے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ فعال ٹیکس دہندگان فہرست کیلئے ضروری ہے۔

## انکم ٹیکس / زکوٰۃ کٹوتی سے استثنیٰ:

انکم ٹیکس کٹوتی سے استثنیٰ کے خواہشمند اراکین یا کم ریٹ پر کٹوتی کے اہل اراکین مؤثر ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ یا ضروری دستاویزی ثبوت، جو بھی صورت ہو، جمع کرائیں۔ زکوٰۃ کٹوتی نہ کرانے کے خواہشمند اراکین کو زکوٰۃ عدم کٹوتی کیلئے مستند اعلامیہ جمع کرانا ہوگا۔

## حصص کتب منتقلی کی بندش:

کمپنی کے حصص منتقلی کی کتب ۱۱ستمبر ۲۰۱۹ تا ۱۷ستمبر ۲۰۱۹ (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی اور اس دوران کوئی بھی حصص منتقلی کیلئے قبول نہیں کئے جائیں گے۔ ۱۰ستمبر ۲۰۱۹ کو کاروبار کے اختتام تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔ بی، بلاک 'بی'، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰، پاکستان میں وصول ہونے والی درست منتقلی سالانہ اجلاس عام کیلئے بروقت تصور ہوں گی۔

## سالانہ مالی حسابات کی ای-میل کے ذریعے ترسیل:

ایس ای سی پی نے اپنے ایس آر او ۲۰۱۴/(۱)۷۸۷ مورخہ ۸ستمبر ۲۰۱۴ کے ذریعے حصص داران کو آڈٹ شدہ مالی حسابات ہمراہ اطلاع سالانہ اجلاس عام الیکٹرانک طریقے سے بذریعہ ای میل وصول کرنے کی مرضی کا حق دیا ہے۔ اسی لئے اراکین جو آئندہ سالانہ رپورٹیں اور اطلاع نامہ برائے سالانہ اجلاس عام الیکٹرانک طریقے سے بذریعہ ای میل وصول کرنے کے خواہشمند ہوں، وہ کمپنی کی ویب سائٹ www.arl.com.pk پر رضامندی فارم کے ذریعے اپنے ای میل پتہ جات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کریں۔ تاہم، کمپنی اضافی طور پر ایسے اراکین کو درخواست دینے پر سالانہ رپورٹوں کی مطبوعہ کاپیاں بلا معاوضہ فراہم کرے گی۔

## وڈیو کانفرنس کی سہولت کے لئے رضامندی:

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کی دفعہ (۲)۱۳۲ کے تحت، اگر کمپنی کو کسی ایک جغرافیائی مقام پر رہنے والے بحیثیت مجموعی ۱۰ فیصد یا زائد کے حصہ داران کی طرف سے سالانہ اجلاس عام کی تاریخ سے ۷ یوم قبل وڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی رضامندی موصول ہو جائے تب کمپنی اس شہر میں وڈیو کانفرنس سہولت کا اہتمام کرے گی بشرطیکہ اس شہر میں یہ سہولت دستیاب ہو۔ اس سہولت سے استفادہ کے لئے درخواست کمپنی کے کمپنی سیکرٹری کو نیچے دیئے گئے پتہ پر جمع کرائی جائے:

''کمپنی سیکرٹری، اٹک ریفائنری لمیٹڈ، ریفائنری پوسٹ آفس، مورگاہ، راولپنڈی''۔

## پتہ میں تبدیلی:

اراکین سے گزارش ہے کہ وہ اپنا پتہ تبدیل ہونے کے بارے میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فوری طور پر مطلع کریں۔

## آڈٹ شدہ مالی حسابات کی کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیابی:

کمپنی کے ۳۰ جون ۲۰۱۹ کو ختم ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ مالی حسابات اور اس کے علاوہ گزشتہ سالوں کے سالانہ اور سہ ماہی مالی حسابات کمپنی کی ویب سائٹ www.arl.com.pk پر مہیا کر دیئے گئے ہیں۔

## منافع کی ادائیگی بذریعہ الیکٹرانک طریقہ کار (لازمی):

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷، کی شق ۲۴۲ کے تحت لسٹڈ کمپنی کے لئے اپنے حصہ داران کو منافع صرف بذریعہ الیکٹرانک طریقہ کار ان کے مقررہ بینک اکاؤنٹ میں براہ راست منتقل کرنا لازمی ہے۔ بینک اکاؤنٹ میں منافع براہ راست وصول کرنے کیلئے ایسے حصہ داران جن کے پاس فزیکل حصص ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ کمپنی کی ویب سائٹ www.arl.com.pk پر دستیاب ای ڈیویڈنڈ فارم پر کریں اور دستخط شدہ فارم مع کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔B، بلاک 'B'، ایس۔ایم۔سی۔ایچ۔ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰، پاکستان کو ارسال کریں۔ حصص سی ڈی سی کے پاس ہونے کی صورت میں ای ڈیویڈنڈ فارم لازمی طور پر شیئر ہولڈرز کے بروکر/ شراکت دار/ سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز کے پاس جمع کرائے جائیں۔

بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات کی عدم فراہمی یا نامکمل فراہمی کی صورت میں کمپنی ان حصہ داران کا منافع روکنے کی پابند ہوگی جنہوں نے مطلوبہ تفصیلات فراہم نہیں کی ہوں گی۔